عبدالرحیم کلیم صاحب آف ڈیرہ غازی خان نے پر تاثیر خطاب فرمایا۔ جو کہ سحری پونے چار بجے تک جاری رہا۔ ان کا خطاب اتنا دلنشیں تھا کہ لوگوں نے اصرار کیا کہ آپ مزید خطاب جاری رکھیں۔ مگر انہوں نے معذرت کی کہ اب مجھ میں اتنی ہمت نہیں رہی۔

زمانہ تو بڑے شوق سے سن رہا تھا ہمیں سو گئے داستاں کہتے کہتے

انعامی تقریری مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں رئیس الجامعہ نے انعامات تقسیم کئے۔ پہلا انعام اولی ثانوی کے طالب علم فہد اکرم، دوسرا انعام ثانیہ عالیہ کے اکرام اللہ صدیق اور تیسرا انعام اولٰی ثانوی کے عبدالمحسن العباد نے حاصل کیا۔ حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی صاحب مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد کی دعا سے کانفرنس اختتام کو پہنچی۔

الحمدللہ یہ پروگرام انتہائی کامیاب رہا۔ تقاریر کے اعتبار سے بھی اور سامعین کی تعداد کے لحاظ سے بھی۔ جامع مسجد سلطان عوام الناس سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔ ہر طرف توحید و سنت کے ماننے والوں کا جوش وخروش نظر آ رہا تھا اور لوگوں کی زبانوں سے بے ساختہ بانی جامعات حضرت مولانا حافظ عبدلغفور اور علامہ محمد مدنی رحمہما اللہ کیلئے دل کی گہرائیوں سے دعائیں نکل رہی تھیں اور وہ ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کر رہے تھے۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

## جامعہ اُثریہ للبنات کا 25 واں سالانہ اجتماع

مورخہ 28، 29 ستمبر بروز ہفتہ اتوار کو جامعہ کا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس سلسلہ میں اشتہارات اور دعوت نامے کئی ہفتے قبل ہی بھجوا دیئے گئے تھے۔ جس کی بناء پر اجتماع میں ایک روز قبل ہی مستورات کی آمد شروع ہوگئی اور اجتماع جمعہ کی رات کو بعد از نماز عشاء شروع کر دیا گیا۔ پہلے اجلاس میں جامعہ اثریہ للبنات کی طالبات کے مابین اردو، عربی اور انگریزی میں انعامی تقریری مقابلہ ہوا۔ اس کے بعد شعبہ حفظ کی طالبات کے درمیان حفظ کا مقابلہ بھی ہوا۔ جس میں طالبات نے بھرپور تیاری سے حصہ لیا۔ اگلے روز ہفتہ کی صبح کو پروگرام کے مطابق پنجاب بھر کے جامعات اور مدارس سے آئی ہوئی طالبات کے درمیان انعامی تقریری مقابلہ ہوا۔ جو ظہر تک جاری رہا۔ اس کے بعد شام تک مختلف مبلغات نے تقاریر کیں۔ رات عشاء کے بعد بھی جلسہ جاری رہا۔ اگلے روز صبح کے اجلاس میں قرآن و حدیث کی روشنی میں مختلف

مقررات نے اصلاحی خطابات کئے۔آخری اجلاس میں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو انعامات سے نوازا گیا۔اجتماع کے دوران بڑے نظم وضبط سے طالبات نے انتظامات کو کنٹرول کیا۔ بروقت کھانا مہیا کیا گیا اور اس اجتماع کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ دوران اجتماع تمام نمازیں بروقت اور باجماعت ادا کی گئیں۔

## جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 5 اکتوبر بروز ہفتہ بعداز نماز عشاء جامع مسجد ابوبکر اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں مقامی جماعت اور اہل حدیث یوتھ فورس حلقہ ڈھوک جمعہ میں سیرت النبی ﷺ کے مقدس موضوع پر عظیم الشان جلسہ عام کا اہتمام کیا گیا۔جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ اور سٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ جماعت کے نامور شعلہ بیان مقرر مولانا محمد یوسف پسروری صاحب ا نے بڑا دلنشین خطاب فرمایا۔

## مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مولانا کاشف نواز رندھاوا کا خطبۂ جمعہ

مورخہ 11 اکتوبر کا خطبہ جمعہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز راہنما حضرت مولانا کاشف نواز رندھاوا امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث فیصل آباد ارشاد فرمائیں گے۔ان شاءاللہ یاد رہے کچھ عرصہ قبل بھی رندھاوا صاحب نے اسی مسجد میں خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ جسے عوام نے بڑا پسند کیا تھا۔

## جامعہ کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے سالانہ امتحانات مورخہ 2 شعبان بمطابق 9 اکتوبر سے شروع ہوکر 10 شعبان بمطابق 17 اکتوبر کو اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ سالانہ تعطیلات 11 شعبان (18 اکتوبر) سے شروع ہوکر 8 شوال (14 دسمبر) تک ہوں گی۔ نیا تعلیمی سال 9 شوال (14 دسمبر) کو شروع ہوگا۔ان شاءاللہ یاد رہے کہ شعبہ حفظ کے سالانہ امتحان کے بعد صرف تین دن کی چھٹیاں ہوتی ہیں۔ اور رمضان المبارک میں ان کی تعلیم جاری رہتی ہے۔